Department of Islamic Studies 17/07/2021

M.A.Islamic Studies Semester I, Paper MIS-106

Topic: Syed Amir Ali ki Talifat.

Dr. Mohd Akram Raza

سید امیر علی کی تالیفات:

امیر علی نے اسلام اور پیغمبر کی زندگی کا مطالعہ سائنسی اور تنقیدی بنیادوں پر کیا۔ انھوں نے اسلام اور پیغمبر پر اٹھائے جانے والے اعتراضات کا دلائل کے ساتھ جواب دیا۔ اسی کے ساتھ تاریخ ان کا اہم موضوع تھا جسے انھوں نے اپنی تحریروں کا حصہ بنایا تھا۔

- A critical examination of the life and teachings of Mohammed
  - تنقید الکلام فی احوال شارع الاسلام (محمد کی زندگی اور تعلیمات کا ایک تنقیدی مطالعہ)، 1873ء، لندن

اس کتاب کا میں انھوں نے یورپ میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کا تدارک تھا، کتاب میں مسیحیوں کو یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ اسلام مسیحیت کا دشمن مذہب نہیں۔ اس کا اردو ترجمہ 1885ء میں سید ابوالحسن نے کیا جو لکھنؤ سے شائع ہوا۔

- A Short History of Saracens
  - تاریخ اسلام، 1889ء، لندن

یہ کتاب اکتیس ابواب پر مشتمل ہے، جس میں عرب کے جغرافیائی حالات، پیغمبر اسلام کی بعثت اور اس کے بعد کی زندگی، چار خلفائے راشدین، بنوامیہ، بنو عباس، سے لے کر بغداد اور غرناطہ تک کے مسلمانوں کی تاریخ ہے۔ اس کتاب میں بنی امیہ اور بنو عباس کے عہد کو زیادہ وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔

- The spirit of Islam
  - سپرٹ آف اسلام، 1891ء، لندن

یہ امیر علی کی اہم ترین تصنیف شمار ہوتی ہے، جو دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ پیغمبر اسلام کی حیات ارضی کا آغاز تا وفات کے واقعات پر مشتمل ہے۔ اس کے بعد خلافت پر بحث کی گئی ہے۔ جب کہ دوسرے حصے میں اسلامی تعلیمات، شریعت اور عبادات کے معاملات کو بیان کیا گیا ہے۔ کتاب کا اہم پہلو اسلام اور اسلامی تعلیمات کا مسیحیت اور اس کی تعلیمات سے تقابل ہے۔

- The Ethics of Islam
  - اسلامی اخلاقیات، 1893ء، لندن

اس کتاب میں امیر علی نے اسلام کی اخلاقی تعلیمات کو موضوع بنایا اور نکتہ پیش کیا کیا کہ اسلام انسان دوست مذہب ہے، جس کی مقصد معاشرتی اصلاح پیدا کرنا ہے

- Women in Islam
  - اسلام میں عورت، 1893ء، لاہور

اس کتاب میں امیر علی نے اسلام کی روشنی میں عورت کے مقام و مرتبے کی تعبیر کی اور یہ اجاگر کیا کہ اسلامی تعلیمات کے مطابق عورت مرد سے کسی بھی صورت کم تر نہیں۔ اسلام اسے تمام حقوق دیتا ہے اور اپنی مرضی سے زندگی گزارنے کا اختیار بھی دیتا ہے۔

- The legal Position of Women in Islam
  - اسلام میں عورت کی قانونی حیثیت، 1912ء، جامعہ لندن

اس کتاب میں امیر علی نے قرآن کی روشنی میں عورت کی قانونی حیثیت کو پیش کیا ہے۔ اسلام میں عورت کو وراثت کا حق دینا، پسند کی شادی کا حق، خلع کا حق، گواہی اور دیگر حقوق کا بیان کیا ہے۔

- اخلاقیات اسلام، مسلمانوں کا پرسنل لا، محمڈن لا، محمڈن لا (برائے طلبہ).